ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (200)

مورخہ 03/04/2023

**بہاولپور(       )ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر ضلع بہاولپور کے تمام آٹا تقسیم پوائنٹس پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات۔ڈی ایس پیز اور ایس ایچ اوز ہمہ وقت پوائنٹس پر الرٹ ،شہریوں سے حسن اخلاق کے ساتھ پیش آتے ہوئے انکے لیے اس سہولت کو آسان بنایا جارہا ہے۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ آف پنجاب اور آئی جی پنجاب کی آٹا پوائنٹس کی سیکیورٹی بارے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او سید محمد عباس نے سیکیورٹی کے انتظامات مزید سخت کرنے کا حکم دے دیا۔تمام افسران اپنی حاضری اور ڈیوٹی کو عبادت سمجھ کر یقینی بنا رہے ہیں، پولیس افسران وجوان صبح سے ہی اپنے ڈیوٹی پوائنٹس پر موجود ہیں۔آٹا کی تقسیم بہترین نظم ونسق کے ساتھ جاری ہے۔ ایس ڈی پی اوز اپنے اپنے سرکل میں جبکہ ایس ایچ اوز اپنے تھانہ جات کی حدود میں روزانہ کی بنیاد پر آٹا تقسیم کا عمل شروع ہونے سے لیکر ختم ہونے تک موجود رہتے ہیں تاکہ شہریوں کو پولیس کی جانب سے تحفظ کا احساس قائم رہے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے افسران واہلکاروں کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام شہریوں کے جان ومال کا تحفظ مزید یقینی بنایا جائے۔شہریوں سے حسن اخلاق سے پیش آیا جائے۔اس بات کو یقینی بنائیں کہ کسی قسم کی بدنظمی پیدا نہ ہو،تاکہ گورنمنٹ کی طرف سے دی جانے والی سہولت کو نظم وضبط قائم کرتے ہوئے ہر شہری تک باآسانی پہنچایا جاسکے۔ پولیس کی ذمہ داری ہے کہ تمام شہریوں خصوصا بزرگ اور خواتین کیلئے ایک ایسا ماحول مہیا کریں جس سے ان کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ضرورت مند شہریوں کی عزت نفس کا خیال رکھتے ہوئے پولیس اپنے فرائض سرانجام دے رہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ اس دوران مشکوک افراد اور جرائم پیشہ عناصر پر بھی کڑی نظر رکھی جائے تاکہ کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آئے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



**بہاولپور: آٹا تقسیم پوائنٹس پر پولیس کی جانب سے سیکیورٹی کے سخت انتظامات**

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (201)

مورخہ 03/04/2023

**بہاولپور (          ) پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن۔ جوا کھیلنے والے 5 ملزمان کے علاوہ 9 ملزمان گرفتار۔ 06 کلو سے زائد چرس اور شراب و ناجائز اسلحہ بھی برآمد۔ معاشرتی جرائم کا خاتمہ ہی پرامن معاشرے کی بقا کی ضمانت ہے۔ ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ نوشہرہ جدید نے تاش پر جوا کھیلنے والے 5 ملزمان کو حراست میں لے لیا جن سے داؤ پر لگی رقم 21500 برآمد کرلی جبکہ تاش کے پتے قبضہ پولیس میں لے لیے گئے۔ اسی طرح تھانہ صدر بہاولپور، بغداد الجدید، صدر یزمان اور سٹی حاصلپور پولیس نے 06 ملزمان امیر خان، غلام مصطفیٰ، اجمل عرف اجی، شان چنڑ، محمد شعیب اور محمد ارشد کو گرفتار کرکے قبضہ 6 کلو 570 گرام چرس برآمد کرلی۔ جبکہ تھانہ صدر بہاولپور پولیس نے 01 ملزم اللہ وسایا کو گرفتار کرکے قبضہ سے 60 لیٹر دیسی شراب برآمد کرلی۔ اسی طرح تھانہ سول لائنز اور تھانہ بغداد الجدید پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 02 ملزمان محمد اشفاق اور عبدالغفار کو 02 عدد پسٹل 30 بور سمیت گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے گئے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔ اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ اس بابرکت مہینے میں ایسے گھناونے کام کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈاؤن کرتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جاسکے۔ عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے بھاولپور پولیس دن رات مصروف عمل ہے۔ معاشرتی جرائم کا خاتمہ ہی پرامن معاشرے کی ضمانت ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری